دعاوی مرزا | مولف : شیخ الحدیث محمد ادریس کاندھلوی   ناشر : بیت الحمد، ٹنڈو الہ یار سندھ —— متنبی قادیان مرزا غلام احمد نے اس کثرت سے مختلف اور باہم متناقض دعوے کئے ہیں کہ امت مرزائیہ ان کے اصل دعوے کی تعیین میں دو گروہوں میں بٹ گئی ہے۔ قادیانی امت کا ایک گروہ مرزا صاحب کو نبی قرار دینے پر بضد ہے۔ جبکہ دوسرا اس شد و مد سے ان کی نبوت کا انکار کرتا ہے۔ اور انہیں مسندِ تجدید پر بٹھاتا ہے —— مرزائیے قادیانی کے کاذب ہونے کے لئے یہی بات کافی ہے کہ نبی اعلانِ نبوت کے پہلے روز جو اعلان کرتا ہے آخر تک اس پر قائم رہتا ہے۔ اس کے دعوے میں تناقض و اختلاف نہیں ہوتا۔ مرزا جس کے دعوے ان گنت ہیں۔ اور حالات کے ساتھ ساتھ مرغ باد نما کی طرح جو بدلتا رہا ہے۔ کبھی مسیح موعود کا دعویٰ کیا، کبھی ظلّی و بروزی نبی بنا۔ کبھی مجدد، کبھی مستقل نبی، کبھی موسیٰ کبھی عیسیٰ، کبھی کرشن اور کبھی ان سب سے برتر۔

مولانا کاندھلوی نے مرزا قادیانی کے ایسے ہی پچاس دعووں کا ذکر کیا ہے۔ اور مرزا کی بوالعجبی پر خوب گفتگو کی ہے۔ کتابچہ خاص دلچسپ ہے۔

الصحیح المسلم (انگریزی ترجمہ مع تعلیقات و حواشی) | جلد دوم، مولف : امام مسلمؒ، ترجمہ و حواشی : پروفیسر عبدالحمید صدیقی۔ ناشر : شیخ محمد اشرف، کشمیری بازار۔ لاہور۔ کتابت و طباعت عمدہ صفحات ۴۰۶، قیمت -/۵۵ روپیہ۔

صحیح مسلم کے زیرِ نظر انگریزی ترجمے کی جلد اوّل پر "الحق" میں تفصیلی تبصرہ شائع ہو چکا ہے۔ موجودہ جلد کتاب الصلوٰۃ، کتاب الزکوٰۃ، کتاب الصوم، کتاب الحج، کتاب النکاح اور کتاب الطلاق کی ۱۸۵۳ احادیث کے ترجمہ و حواشی پر مشتمل ہے۔ مترجم موصوف نے دوسری جلد میں بھی پہلی جلد کا اعلیٰ معیار ترجمہ و تحقیق قائم رکھا ہے۔ حواشی میں راویانِ حدیث کے مختصر تعارف اور تشریح و توضیح کی گئی ہے۔ جناب عبدالحمید صدیقی صاحب کی اس عظیم اسلامی خدمت کی جسقدر تعریف کی جائے کم ہے۔

راہِ نجات (سورہ والعصر کی روشنی میں) | تقریر : ڈاکٹر اسرار احمد۔ ناشر : ایچی سن کالج لاہور صفحات : ۳۶ —— ڈاکٹر اسرار احمد فن طب کے ماہر ہونے کے ساتھ ساتھ علوم قرآن سے گہرا شغف رکھتے ہیں۔ انہوں نے ایچی سن کالج کے ایک اجتماع میں سورہ والعصر کو موضوع بناتے ہوئے تقریر کی۔ یہی تقریر کتابی صورت میں پیش نظر ہے۔ اندازِ بیان عام فہم ہے۔ مگر انگریزی الفاظ کا بے جا استعمال ذوقِ سلیم پر گراں گزرتا ہے۔

★